SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**February 20, 2017**
***For immediate release***

**ایس ای سی پی نے ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ کی معلومات جمع کروانے کے لئے رابطہ افسران نامزد کردیے**

اسلام آباد(۲۰ فروری)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ایمپلائز پراویڈنٹ فنڈ یا پراویڈنٹ فنڈ ٹرسٹ رکھنے والی تمام کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فنڈ کی مالی معلومات پر مشتمل سٹیٹمنٹ سہ ماہی بنیادوں پر ایس ای سی پی کو جمع کروائیں۔ کمپنیوں کی جانب سے پراویڈنٹ فنڈ کی سہ ماہی سٹیٹمنٹ کو جمع کروانے کے لئے آسان طریقہ کار متعارف کروایا گیا ہے اور اس کے لئے ہر ایک سیکٹر کی کمپنیوں کے لئے الگ الگ رابطہ آفیسر نامزد کردیے گئے ہیں۔

اس اقدام کا مقصد نجی شعبہ میں کام کرنے والے ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ کو تحفظ دینے اور کمپنیوں کی جانب سے اس فنڈ سے کی جانے والی سرمایہ کاری کو محفوظ بنانا ہے۔ قوائد میں پراویڈنٹ فنڈ یا پراویڈنٹ فنڈ ٹرسٹ رکھنے والی تمام کمپنیوں کے لئے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ فنڈ کی مالی معلومات پر مشتمل سٹیٹمنٹ سہ ماہی بنیادوں پر ایس ای سی پی کو جمع کروائیں۔ کمپنیوں کی جانب سے جمع کروائی جانے والی سہ ماہی سٹیٹمنٹ میں پراویڈنٹ فنڈ یا فنڈ ٹرسٹ کا حجم، اس کے کل اثاثہ جات کی قدر اور اس فنڈ میں سے کی جانے والی سرمایہ کاری کی قیمت وغیر کی معلومات دی جائیں گی۔ اس کے علاوہ پراویڈنٹ فنڈ کی سٹیٹمنٹ میں مختلف مصنوعات جیسے کہ لسٹڈ ڈیبٹ سکیورٹیز، لسٹڈ ایکیوٹی سکیورٹیز، لسٹڈ ڈیبٹ انوسٹمنٹ سکیم، لسٹڈ ایکوٹی سکیورٹیز انوسٹمنٹ اسکیم، گورمنٹ سکیورٹیز میں انوسٹ کی جانے والی رقم کا فیصد اور فنڈ کا بینک بیلنس کی تفصیلات بھی جمع کروائی جائیں گی۔

کمپنیوں کے لئے ہر سہ ماہی کے ختم ہونے کے بعد ایک ماہ کے اندر اندر پراویڈنٹ فنڈ کی سٹیٹمنٹ کو جمع کروانا لازمی ہے۔ کمپنیوں کی جانب سے پراویڈنٹ فنڈ کی سہ ماہی سٹیٹمنٹ کو جمع کروانے کے لئے نامزد رابطہ آفیسر کی تفصیلات ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مہیا کردی گئی ہے۔ تمام ایسی کمپنیاں جنھوں نے پراویڈنٹ فنڈ یا پراویڈنٹ ٹرسٹ قائم کر رکھے ہیں کے لئے لازمی ہے کہ وہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا ٹرسٹ کی صورت میں ٹرسٹ کے سربراہ سے منظور شدہ پراویڈنٹ فنڈ کی سٹیٹمنٹ ایس ای سی پی کے نامزد آفیسرز کو مقررہ مدت کے اندر اندر جمع کروائیں۔